© rasailojaraid.com



مرقعے کے ہر صفحے پر اللہ کے نام کے بالمقابل درج ہیں اور ساتھ ہی عربی ترجمہ بھی دیا گیا۔ یوں انگریزی کے ساتھ عربی قارئین بھی لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔ اس کا ایک نمونہ یہ ہے ــــ الصّبور آخری صفحے پر ہے۔ اس کے بالمقابل توضیح ان الفاظ میں ہے:

The final reward shall be mine, Ya Sabur

Your blessing, I patiently wait.

ان کی مصوری پر فنی رائے تو کوئی ماہر ہی دے سکتا ہے تاہم مصوری کے یہ نمونے بالعموم ہلکے اور خوش گوار رنگوں میں ہیں اور سادگی، نرمی اور دھیمے پن کا تاثر دیتے ہیں۔ پس منظر یا گراؤنڈ میں ایک جھلملاہٹ سی ہے، جیسے بارش کے باریک قطروں کے نشانات ہوں یا ہلکی ہلکی خم کھاتی اور کہیں کہیں دائرہ کرتیں۔

مرقع بہت اہتمام سے، نہایت عمدہ دبیز کاغذ پر اور بہترین طباعت کے ساتھ شائع کیا گیا ہے۔ (رفیع الدین ہاشمی)

**مبشر صحابہؓ**، مولانا محمود احمد غضنفر۔ ناشر: حدیبیہ پبلی کیشنز، رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۴۴۶۔ اعلیٰ کاغذ مجلد۔ قیمت: ۱۸۰ روپے۔

اللہ تعالیٰ نے تمام صحابہ کرامؓ کو اپنے راضی ہونے کی بشارت دی: رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ (التوبہ ۹:۱۰۰)۔ لیکن ان میں سے متعدد کو یہ سعادت حاصل ہوئی کہ ساقیِ کوثر رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام لے کر ان کو جنت کی بشارت دی۔ مولانا محمود احمد غضنفر نے ایسے ہی ۲۴ مبشر صحابۂ کرامؓ کی سیرت و سوانح کی جھلکیاں اس کتاب میں ایسے دلآویز پیرائے میں پیش کی ہیں کہ قاری کتاب کے اندر جذب ہو کر رہ جاتا ہے۔ عشرہ مبشرہ وہ صحابہ کرامؓ ہیں جن کو حضورؐ نے ایک ہی نشست میں جنت کی بشارت دی، جب کہ ۱۴ وہ ہیں جن کو وقتاً فوقتاً آپ نے یہ بشارت دی۔ کتاب کی ابتدا میں قرآن و سنت کی روشنی میں جنت کی جھلک پیش کی گئی ہے۔ ایک انفرادیت ہر صحابیؓ کے تذکرے سے قبل ان کی شان میں تمام فرمودات رسولؐ کو یکجا کرنا ہے، اور آخر میں فضائل و خصوصیات کا مختصراً تذکرہ بھی موجود ہے جس سے کتاب کی افادیت دوچند ہو جاتی ہے۔

© rasailojaraid.com